مطبوعات

یعقوب المنصور باللہ مؤلف: طالب ہاشمی ۔ ناشر: قومی کتب خانہ لاہور ۔ صفحات: ۳۵۹ (سفید کاغذ) قیمت مجلد: ۲۵/- روپے

طالب ہاشمی کا نام علمی دنیا میں اب ایسا نہیں کہ تعارف کرانے کی ضرورت ہو۔ غالباً ایک درجن کے قریب تو تصانیف ہوں گی ۔ کوئی بھی کتاب معمولی درجے کی نہیں بلکہ تمام کتابیں بلحاظ موضوع بلحاظ تحقیق اور بلحاظ اندازِ بیان اہمیت رکھتی ہیں ۔ بہت اچھا ہوا کہ طالب صاحب نے اپنے لیے تاریخِ اسلامی اور اس کے ساتھ سیرت و سوانح کا میدان اپنے لیے پسند کیا ۔ علامہ شبلی نعمانی اور دار المصنفین کے اہلِ قلم نے برصغیر پاک و ہند کا تعلق تاریخ اسلام اور اسلامی شخصیتوں سے استوار کیا تھا ۔ اس کام کو طالب ہاشمی نے خاصا آگے بڑھایا ہے ۔

اس کتاب کے عنوان سے گو مرکزی شخصیت یعقوب المنصور باللہ کی نمایاں ہوتی ہے مگر درحقیقت یہ فاطمیوں، مرابطین اور موحدین کے عروج و زوال کی داستان ہے اور ان کے علاوہ شمالی افریقہ خصوصاً المغرب میں اسلامی قوت کے ظہور کی تاریخ بھی سامنے آگئی ہے ۔

طالب ہاشمی صاحب محض لکھنے والے نہیں اور نہ ہی وہ بغیر جانب داری کے مصنوعی مقام پہ بیٹھ کر خالص ریاضیاتی اور منطقی انداز میں تاریخ لکھا کرتے ہیں ۔ وہ صاحب ایمان بھی ہیں اور صاحبِ درد بھی ۔ ساتھ ہی وہ صاحبِ مطالعہ و تحقیق بھی ہیں ۔ جو کچھ لکھا ہے، وہ بربنائے تحقیق لکھا ہے ۔ اور ایسے لکھا ہے کہ پڑھنے والے میں ایک احساس تازہ کروٹ لیتا ہے ۔ زبان کے معاملے میں بھی وہ بہت محتاط ہیں اور لغت اور گرامر اور محاورے پر بھی نظر رکھتے ہیں ۔